15.2۔ تلنگانہ کی خصوصیات:

15.2.1۔ تلنگانہ کی طبعی خصوصیات:

آپ نے تلنگانہ کے محل وقوع کے بارے میں دوسرے باب ''ہندوستان محل وقوع اور طبعی خصوصیات'' پڑھا ہوگا۔

ہندوستان کی 2011ء کی مردم شماری کے مطابق' تلنگانہ کا رقبہ 1,14,840 مربع کلومیٹر ہے۔ ریاست کی تقسیم کے بعد' حکومت نے پولاورم منصوبہ کی تعمیر کے لئے پہلے ضلع کھم سے آندھراپردیش کو 7 منڈل الاٹ کیے۔ لہٰذا ریاست کی حد کو کم کرنے ریاست کا رقبہ 1,12,077 مربع کلومیٹر رہ گیا ہے۔ آبادی اور علاقے کے لحاظ سے' تلنگانہ ہندوستان کی 12 ویں بڑی ریاست ہے۔ 2019ء کے اواخر تک' تلنگانہ میں 33 اضلاع' 74 محصولات ڈویژن' اور 590 کے قریب منڈلس ہیں۔ ریاست تلنگانہ کا دارالحکومت حیدرآباد ملک کا پانچواں بڑا شہر ہے۔



تلنگانہ خطہ دکن سطح مرتفع کا ایک حصہ ہے۔ تلنگانہ میں دکن کا سطح مرتفع ہے جو سطح سمندر سے 500 تا 600 میٹر اونچا ہے۔ شہر حیدرآباد سطح سمندر سے 550 میٹر بلند ہے۔ تلنگانہ میں گوداوری' کرشنا' منجیرا' پرانہیتا' موسی جیسی ندیاں پائی جاتی ہیں۔

15.2.2۔ تلنگانہ کی آب وہوا' بارش' جنگلات:

جنگلات: ریاست تلنگانہ خط استوا اور خط سرطان کے درمیان پایا جاتا ہے اسطرح یہ استوائی خطہ میں آتا ہے۔ ریاست کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت کا اوسط $44^{o}C$ ہے۔ جب کہ موسم سرما میں کم سے کم درجہ حرارت کا اوسط $15^{o}C$ ہے۔ چونکہ تلنگانہ سطح مرتفع والے خطہ میں پایا جاتا ہے اس لئے اس پر سمندر کا کوئی اثر نہیں پڑتا ہے۔ لہٰذا کم اور زیادہ درجہ حرارت میں فرق پایا جاتا ہے اس قسم کی آب وہوا کو 'انتہائی آب وہوا'' کہا جاتا ہے۔

عام طور پر تلنگانہ میں بارش غیر یقینی ہے۔ یہ غیر یقینی بارش آب پاشی کا تعین کرتی ہے۔ تلنگانہ میں سب سے زیادہ بارش سابقہ ضلع کھمم میں ریکارڈ کی گئی۔ اور سب سے کم بارش ضلع محبوب نگر میں ریکارڈ کی گئی۔ اس طرح جنگلاتی رقبہ کھمم میں زیادہ اور محبوب نگر میں کم ہے۔

تلنگانہ میں 25.46% فی صد زمین جنگلات کے ماتحت ہے۔ ہندوستان میں جنگلاتی رقبہ کے اعتبار سے تلنگانہ کا بارہواں مقام ہے۔ اضلاع کھمم، عادل آباد، ورنگل، نظام آباد اور کریم نگر میں وسیع جنگلاتی زمین ہے۔ جنگلاتی زمین کو بڑھانے کے لئے تلنگانہ حکومت نے ''ہریتاہارم'' پروگرام متعارف کروایا اور اس پر عمل بھی کر رہی ہے۔